# اخلاقیات

# 2



پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

# اَخلاقیات

# (ETHICS)

# 2

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
تیار کردہ: پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | ابواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | **مذاہب کا تعارف**<br>ہندو دھرم<br>سکھ مذہب<br>یہودیت<br>مسیحیت | 1-13 |
| 2 | **اخلاقیات اور اقدار**<br>والدین، خاندان اور بہن بھائیوں کا احترام<br>اساتذہ اور ہم جماعتوں کا احترام<br>سچائی | 14-19 |
| 3 | **خُدا کے نیک بندے**<br>شری کرشن بھگوان<br>سری گورو نانک صاحب جی | 20-29 |
| ☆ | **فرہنگ** | 30 |


Web version of PCTB Textbook Not for Sale

**مؤلفین:** ☆ ڈاکٹر جمیل الرحمان ☆ مہر صفدر ولید ☆ شمس الرحمان

**ریویو کمیٹی:** ☆ ڈاکٹر کلیان سنگھ کلیان، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج یونی ورسٹی، لاہور۔
☆ ڈاکٹر اشوک کمار، اسسٹنٹ پروفیسر، انچارج انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز اینڈ لنگوسٹکس، یونی ورسٹی آف دی پنجاب، لاہور۔
☆ ذکریا قمر، لیکچرر، (یونانی / لاطینی)، انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز اینڈ لنگوسٹکس، یونی ورسٹی آف دی پنجاب، لاہور۔
☆ صائمہ وکٹوریہ، ٹیچر، علامہ پال ہائیر سیکنڈری سکول، یوحنا آباد، فیروز پور روڈ، لاہور۔

**ڈائریکٹر مسودات:** فریدہ صادق
**ڈپٹی ڈائریکٹر (آرٹ اینڈ ڈیزائن):** غلام محی الدین
**لے آوٹ / ڈیزائننگ:** منال طارق
**کمپوزنگ:** محمد اظہر
**ناشر:**
**مطبع:**
تجرباتی ایڈیشن

باب اوّل

# مذاہب کا تعارف

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

1- دُنیا کے مذاہب کا تعارف بیان کر سکیں۔
2- دُنیا کے مذاہب کے درمیان اچھا تعلق قائم کرنا سیکھ سکیں۔
3- ہندو دھرم اور اس کی مقدس کتابوں کے بارے میں علم حاصل کر سکیں۔
4- سکھ مذہب اور اس کی کتاب کا تعارف بیان کر سکیں۔
5- یہودی مذہب اور اس کی مقدس کتاب کا تعارف بیان کر سکیں۔
6- مسیحیت کی بنیادی تعلیمات اور نئے عہد نامہ کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کر سکیں۔

پیارے بچّو! ہم سب جانتے ہیں کہ کوئی ہستی (ذات) ایسی ضرور ہے جس کے پاس تمام اختیارات ہیں۔ وہ ہستی زندگی اور موت دینے پر قُدرت رکھتی ہے۔ بلاشبہ رزق بھی وہی ذات عطا کرتی ہے۔ انسان نے اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں جان لیا اور زندگی گزارنے کے کچھ اُصُول بھی اپنا لیے۔ پس انسان کے اس دُنیا میں زندگی گزارنے کے اصولوں کو مذہب کا نام دیا گیا ہے۔ دنیا میں بہت سے مذاہب ہیں۔ یہ مذاہب انسان کو اچھائی اپنانے اور بُرائی چھوڑنے میں مدد دیتے ہیں۔ پیارے بچّو! ہم ہندو دھرم (سناتن دھرم)، سکھ مذہب، یہودیت اور مسیحیت کے بارے میں پڑھیں گے:

## ہندو دھرم (سناتن دھرم):

☆ ہندو دھرم (سناتن دھرم) ایک بہت قدیم مذہب ہے۔
☆ ہندو (سناتن دھرم) گُپت (چھُپے) دان پن پر زیادہ دھیان دیتے ہیں۔
☆ ہندو دھرم میں رام نام اَمر ہے۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

جماعت میں موجود ہندو دھرم کے طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کو اپنے مذہب کے بارے میں بتائیں، نیز طلبہ کو بتائیں کہ ہندو دھرم میں برہما، وشنو، مہیش تری مورتی کے طور پر مانے جاتے ہیں۔ برہما پیدا کرنے والے، وشنو پالن کرنے والے اور مہیش (شوا) ختم کرنے والے۔

Web version of PCTB Not for Sale



ہندو عبادت کرتے ہوئے

Web version, Not fo

- ☆ ہندو مندروں میں پُوجا (عبادت) کرتے ہیں۔
- ☆ سناتن دھرم میں ایک ایشور کا تصّور ہے۔
- ☆ سناتن دھرم میں ساہکار رُوپ (جو دِکھائی دے) اور نِرن کار رُوپ (جو دِکھائی نہ دے) دونوں پر یقین رکھ کر ایک مانا جاتا ہے۔
- ☆ ہندو دھرم میں 18 پران ہیں۔
- ☆ رامائن شری رام چندر جی کی جیون کتھا (زندگی کے واقعات) ہے۔
- ☆ رامائن میں ایک کامیاب زندگی گزارنے کے اُصُول بتائے گئے ہیں۔
- ☆ بھگوت گیتا ہندو دھرم کی ایک مقدس کتاب ہے۔

# سکھ مذہب:

- سکھوں کے مذہبی مقامات کی تعداد پاکستان میں زیادہ ہیں۔
- گورونانک صاحب جی کے جنم استھان (پیدائش کی جگہ) ننکانہ صاحب، پاکستان میں ہے۔
- سکھ ساری دنیا سے ننکانہ صاحب، مَتھا ٹیکنے کے لیے آتے ہیں۔
- سکھ ایک خُدا پر یقین رکھتے ہیں۔
- سکھ مذہب کے بانی گورونانک صاحب جی ہیں۔
- گورونانک صاحب جی کے بعد سکھ مذہب کے نو گورو آئے۔
- سری گورو گرنتھ صاحب سکھوں کی مذہبی کتاب ہے۔
- ہر سکھ کے لیے ضروری ہے کہ اپنے اندر خوبیاں پیدا کرے۔ رنگ، نسل، مذہب اور ذات کے فرق کے بغیر حقوق حاصل کرنے میں لوگوں کی مدد کرے۔
- سکھ مذہب میں سب برابر ہیں۔ اسی وجہ سے سکھ خواتین بھی مذہبی عبادات میں راہ بر کا کردار ادا کر سکتی ہیں۔

PCTB Textbook
Not for Sale



سکھ مذہب کے لوگ عبادت میں مصروف

☆ سکھ مذہب کی مذہبی کتاب (سری گورو گرنتھ صاحب) گورو ارجن دیو صاحب جی کی راہنمائی میں مکمل ہوئی۔ یہ مذہبی کتاب پنجابی زبان میں لکھی گئی ہے۔

☆ سکھ سری گورو گرنتھ صاحب کو زندہ گورو تصوّر کرتے ہیں اور اِسی حیثیت سے اُن کی سیوا کرتے ہیں۔

## سکھوں کے عقائد:

1- سکھ کِرت کمائی (حلال روزی) کرے۔

2- سکھ ہر کسی کی بے لوث خدمت (سیوا) کرے۔

3- گورو گرنتھ صاحب کا روز پاٹھ (عبادت) کیا جائے۔

4- گوردوارہ سے لنگر بھی عبادت سمجھ کر کھایا جائے۔

5- سکھ بال نہ کٹوائیں اور ہر قسم کی نشہ آور اشیا استعمال نہ کریں۔

Copy of PCTB Textbook Not for Sale

### ہدایت برائے اساتذہ:

طلبہ کو بتائیں کہ:

☆ گورو نانک صاحب جی نے سکھ مذہب کا آغاز پندرھویں صدی میں پنجاب سے کیا۔ اس مذہب کا فلسفہ گورومت کہلاتا ہے۔

☆ سکھوں کے عقیدے کے مطابق خُدا نے اس دُنیا کو پیدا کیا، خُدا نہ مرد ہے اور نہ عورت۔ اس نے نہ کسی کو جنا اور نہ ہی اُس کو کسی نے جنا۔

☆ گورو نانک صاحب جی کے مطابق الہام کے ذریعے خُدا اور بندے کے درمیان تعلق ممکن ہے۔

☆ سکھ مذہب کے دسویں گورو، گورو گوبند سنگھ جی، نے فرمایا کہ انسان آزاد پیدا ہوا ہے۔

☆ سکھ مذہب میں گورو کا لفظ خُدائی پیغام دینے والے کے لیے استعمال ہوتا ہے جب کہ سکھ کا معنی ہے سیکھنے والا۔

# مشق

**1- دُرست جوابات کی نشان دہی کریں:**

i- ہندو دھرم میں ہندو پوجا کرنے جاتے ہیں:

(الف) مسجد (ب) چرچ

(ج) مندر (د) گوردوارہ

ii- ہندومت مذہب میں پیدائش کے دیوتا ہیں:

(الف) وشنو (ب) برہما

(ج) مہادیو (د) کرشنا

iii- سکھ مذہب کا آغاز ہوا:

(الف) پندرھویں صدی میں (ب) سولھویں صدی میں

(ج) سترھویں صدی میں (د) اٹھارھویں صدی میں

iv- سکھ مذہب کی مذہبی کتاب سری گورو گرنتھ صاحب جس زبان میں لکھی گئی ہے:

(الف) سنسکرت (ب) ہندی

(ج) پنجابی (د) اُردو

v- سکھ مذہب میں گورو کا لفظ استعمال ہوتا ہے:

(الف) خُدائی پیغام دینے والے کے لیے (ب) شاگرد کے لیے

(ج) پیروکار کے لیے (د) انسان کے لیے

**2- مختصر جوابات تحریر کریں:**

i- ہندو دھرم کی سب سے پُرانی کتاب کون سی ہے؟

ii- سکھ مذہب کے بانی کون ہیں؟

iv- سکھ مذہب کا آغاز کب اور کہاں سے ہوا؟

v- سکھ کے کیا معنی بتائے جاتے ہیں؟

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## سرگرمیاں:

1- ہندو مذہب اور سکھ مت کے بنیادی تصورات اور مذہبی کتابوں کے نام اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

2- مختلف اخبارات و رسائل سے ہندو مذہب اور سکھ مذہب کے مذہبی راہنماؤں کی تصاویر اکٹھا کریں اور انھیں ایک چارٹ کی شکل میں ترتیب دیں۔

3- طلبہ تین گروہوں میں تقسیم ہو جائیں۔ ایک گروہ سکھ مذہب کا تعارف، دوسرا عقائد اور تیسرا گوردواروں کے بارے میں معلومات اکٹھی کرے اور یہ معلومات تمام ہم جماعتوں کے سامنے پیش کی جائیں۔ تینوں گروہوں کی معلومات کو یکجا کر کے ایک چارٹ کی شکل دی جائے اور کمرا جماعت میں آویزاں کیا جائے۔

## ہدایات برائے اساتذہ:

1- سال کے دَوران مختلف سرگرمیوں میں ہندو دھرم اور سکھ مذہب کے ماننے والوں کی شمولیت اور انسانیت کے لیے ان کی خدمات بچوں کو بتائیں۔

2- ہندوؤں اور سکھوں کی دَورانِ سال مذہب، امن، بھائی چارے اور رواداری سے متعلق خدمات کے بارے میں بچوں کے علم میں اضافہ کریں۔

3- ہندوؤں اور سکھوں کی عبادت گاہوں اور معروف شخصیات کے اقوال بچوں کو بتا کر اُن کی معلومات میں اضافہ کریں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# یہودیت

حضرت موسیٰ کو خُدا نے اپنی شریعت دی تا کہ وہ یہودی قوم کی راہنمائی کر سکیں۔ تورہ (توریت) میں یہودہ (خُدا کا عبرانی زبان میں نام) نے حضرت موسیٰ کو دس احکام دیے جو ساری یہودی تعلیم وعقائد کا نچوڑ ہیں، جو مختصراً یہ ہیں:

- ☆ ایک خُدا کی ماننا۔
- ☆ خُدا کے نام کی عزت کرنا۔
- ☆ سبت کا دِن (ہفتہ) پاک ماننا۔
- ☆ باپ اور ماں کی عزّت کرنا۔
- ☆ خُون نہ کرنا۔
- ☆ زِنا نہ کرنا۔
- ☆ چوری نہ کرنا۔
- ☆ جُھوٹی گواہی نہ دینا۔
- ☆ لالچ نہ کرنا۔
- ☆ پڑوسی کی چیزوں کا لالچ نہ کرنا۔

(توریت کی دوسری کتاب جس کا نام ''خروج کی کتاب'' ہے اُس کا باب نمبر 20)




یہودیت مذہب کے لوگ عبادت کرتے ہوئے

Web version of PCTB Textbook Not for Sale

## یہودیت کی مُقدّس کتاب (تناخ) :


یہودی مذہب کی مقدس کتاب تناخ کہلاتی ہے۔ یہ توریت/تورہ، نبیوں کی کتابیں اور دوسری کتابوں پر مشتمل ہے۔



تصویر میں دکھائی گئی شکل پُرانے زمانہ کی کتاب کی شکل ہے، یہودیت کی تمام مذہبی کتابیں اس طرح کی ہوتی تھیں۔ اسے انگریزی میں تورہ سکرول(Torah Scroll) کہتے ہیں۔

## توریت میں شامل کتابیں:

توریت میں مندرجہ ذیل پانچ کتابیں شامل ہیں:



توریت/تورہ

☆ تکوین/ پیدائش
☆ خُروج
☆ اَحبار
☆ عدد/گنتی
☆ تثنیہ/ اِستثنا شرع

### ہدایت برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو بتائیں کہ توریت/تورہ کون سی کتاب ہے؟
☆ طلبہ کو عبرانی زبان کے بارے میں بتائیں۔
☆ حضرت موسیٰ کو دس احکامات دیے گئے۔ طلبہ سے پوچھیں کہ وہ ان باتوں کو اچھا سمجھتے ہیں یا بُرا۔
☆ طلبہ سے کہیں کہ وہ حضرت موسیٰ پر بنی ہوئی کوئی فلم دیکھیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مسیحیت

مسیحیت کا آغاز خُداوند یسوع مسیح کے دُنیا میں آنے سے ہوا۔خداوند یسوع مسیح کو ماننے والوں کو مسیحی اور ان کے مذہب کو مسیحیت کہا جاتا ہے۔

☆ خُداوند یسوع مسیح نے تیس سال کی عمر میں تبلیغ کرنا شروع کی۔

☆ آپ بیماروں کو شفا دیتے۔

☆ کوڑھیوں کو پاک صاف کرتے۔

☆ بدروحوں کو نکالتے۔

☆ مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔

☆ آپ کے حکم سے طوفان بھی رُک جاتے تھے۔

☆ مسیحیت کی مذہبی کتاب بائبل مقدس ہے جس کے دو بڑے حصے ہیں:

* پُرانا عہد نامہ (عہد نامہ قدیم)
* نیا عہد نامہ (عہد نامہ جدید)



عہد نامہ

☆ پرانے عہد نامہ میں توریت، زبور اور انبیا کے صحائف شامل ہیں۔

☆ نئے عہد نامہ میں:

* خداوند یسوع مسیح کی تعلیم (اناجیل)
* رسولوں کے اعمال اور اُن کے شاگردوں کے خطوط اور کتابیں شامل ہیں۔



مسیحی عبادت کرتے ہوئے

## مسیحیت کی تعلیمات

خداوند یسوع مسیح نے اپنی زندگی میں اپنے شاگردوں کو بہت سی باتوں کی تعلیم دی جن میں سے چند یہ ہیں:

- ☆ خُدا کو ہر چیز اور رشتے سے زیادہ عزیز رکھو۔
- ☆ اپنے پڑوسی سے اپنی طرح محبّت کرو۔
- ☆ لوگوں کو دکھانے کے لیے نیک کام مت کرو۔
- ☆ روزہ میں اپنی صورت اداس مت بناؤ۔
- ☆ مال اور دولت کا لالچ نہ کرو۔
- ☆ ماں باپ کی عزّت کرو۔
- ☆ اپنے دشمنوں سے بھی پیار کرو۔

# مسیحی عقائد

- ☆ مسیحی ایک خدا کو مانتے ہیں۔
- ☆ مسیحی تثلیث کو مانتے ہیں۔
- ☆ خداوند یسوع مسیح نے صلیب پر جان دی اور وہ تیسرے روز جی اُٹھے اور پھر زندہ آسمان پر اُٹھا لیے گئے۔
- ☆ عیدِ پنتیکوست کے دِن خداوند یسوع مسیح نے آسمان سے رُوح القُدس (دوسرا مددگار) نازل ہوا۔
- ☆ مسیحیوں کو نیک کام کرنا ضروری ہیں۔
- ☆ خداوند یسوع مسیح ایک دن دوبارہ واپس آئیں گے تاکہ دُنیا کی عدالت کریں اور اپنی کلیسیا کو اپنے ساتھ رکھیں۔
- ☆ قیامت کے دن لوگوں کو جزا اور سزا ملے گی۔

Not for Sale
PCTB Textbook

**ہدایت برائے اساتذہ:**

- ☆ طلبہ کو خُداوند یسوع مسیح کی زندگی، تعلیم اور معجزات کے بارے میں مزید معلومات فراہم کریں۔
- ☆ بائبل سوسائٹی لاہور کی شائع کردہ مختلف تصویری کتابوں کی مدد سے طلبہ کو مختلف واقعات سے روشناس کرائیں۔
- ☆ طلبہ کو ان کے مذہب کی کتابوں کے بارے میں بتائیں۔
- ☆ پیدائش کی کتاب میں سے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہ السلام کے بارے میں کہانی کی صورت میں بتائیں۔
- ☆ طلبہ کو باغِ عدن کی کہانی سمجھائیں۔
- ☆ بائبل سوسائٹی میں موجود تصویری کُتب سے طلبہ کو استفادہ کرائیں۔

# مشق

-1 دُرُست جواب کی نشان دہی کریں:

-i حضرت موسیٰ کو احکامات ملے:

(الف) آٹھ (ب) دس

(ج) بارہ (د) چودہ

-ii یہودیوں کے نزدیک پاک دن ہے:

(الف) سبت (ب) اتوار

(ج) جمعہ (د) جمعرات

-iii توریت جس زبان کا لفظ ہے:

(الف) عبرانی (ب) یونانی

(ج) لاطینی (د) عربی

-iv مسیحیت کی مذہبی کتاب کا نام ہے:

(الف) توریت (ب) زبور

(ج) بائبل مقدّس (د) گوروگرنتھ صاحب

-v خداوند یسوع مسیح نے تبلیغ کرنا شروع کی:

(الف) تیس سال کی عمر میں (ب) چالیس سال کی عمر میں

(ج) پچاس سال کی عمر میں (د) ساٹھ سال کی عمر میں

-2 مختصر جوابات لکھیں:

-i حضرت موسیٰ کس قوم کی ہدایت کے لیے بھیجے گئے؟

-ii یہودیت کی مذہبی کتاب توریت (Torah) میں شامل پانچ کتابوں کے نام لکھیں۔

-iii بائبل مقدّس کے کتنے حصے ہیں؟

-iv خداوند یسوع مسیح کے دو معجزے تحریر کریں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

3- تفصیل سے جوابات تحریر کریں:

i- حضرت موسیٰ کی تعلیمات بیان کریں۔

ii- یہودی مذہب کا تعارف لکھیں۔

iii- خداوند یسوع مسیح کی تعلیمات بیان کریں۔

iv- مسیحیت کا تعارف لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

1- طلبہ یہودیوں اور مسیحیوں کی طرف سے انسانی خدمت کے کاموں کی فہرست بنائیں۔

2- جماعت میں مسیحی طلبہ سبق کے اختتام میں دی گئی دُعائے ربّانی یاد کریں دوسرے مسیحی طلبہ کو سنائیں۔

3- یہودیوں اور مسیحیوں کی تقریبات کا تصویری خبرنامہ بنائیں۔

4- طلبہ گروپ کی شکل میں یہودیت اور مسیحیت کا تعارف بتائیں۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

1- سال کے دوران یہودیوں اور مسیحیوں کی طرف سے بھلائی کے کام، سرگرمیاں اور شخصیات کی خدمات بچوں کو بتائیں۔

2- یہودیت اور مسیحیت مذہب کے ماننے والوں کے اقوال زرّیں بچوں کے سامنے بیان کریں۔

3- یہودیوں اور مسیحیوں کے مذہبی تہواروں کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔

4- حضرت موسیٰ اور خداوند یسوع مسیح کی تعلیمات کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔

### دُعائے ربانی

اَے ہمارے باپ تُو جو آسمان پر ہے تیرا نام پاک مانا جائے، تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے، زمین پر بھی ہو، ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور جس طرح ہم نے اپنے قرض داروں کو مُعاف کیا ہے تُو بھی ہمارے قرض ہمیں مُعاف کر اور ہمیں آزمائش میں نہ لا بلکہ بُرائی سے بچا( کیونکہ بادشاہی اور قُدرت اور جلال ہمیشہ تیرا ہی ہے۔ آمین )۔(متّی کی معرفت انجیل ۶:۹ تا ۱۳)

Web version of PCTB Textbook Not for Sale

باب دوم

# اَخلاقیات اور اَقدار

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

1- ماں باپ اور اپنے بہن بھائیوں کی اہمیت سے واقف ہو سکیں اور ان کا احترام کرنا سیکھ سکیں۔

2- اساتذہ کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور ان کا احترام کرنا سیکھ سکیں۔

3- اپنے ہم جماعتوں کی عزّت اور ایک دوسرے کی مدد کرنا سیکھ سکیں۔

4- سچائی اور اس کی اہمیت کے بارے میں سیکھ سکیں اور سچائی کو اپنی زندگی پر لاگو کر سکیں۔

## ماں باپ، خاندان اور بہن بھائیوں کا احترام:

☆ ماں باپ بے حد قابلِ احترام ہیں۔

☆ بہن بھائی آپس میں مِل جُل کر رہیں کیونکہ اتفاق میں برکت ہے۔

☆ ماں باپ اور بہن بھائیوں کا احترام کرنے سے گھر کا ماحول خوشگوار رہتا ہے۔

☆ ماں باپ کی عزّت کرنا نیکی کا باعث ہے۔



خاندان



Web Version of PCTB Not for Sale

☆ ماں، باپ، بہن اور بھائی سب مِل کر ہی خاندان بنتا ہے۔

☆ ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہے اور باپ کی رضا سے خُدا کی رضا ہے۔

## اساتذہ اور ہم جماعتوں کا احترام:

☆ اساتذہ والدین کا درجہ رکھتے ہیں۔

☆ اساتذہ بچوں کو تعلیم و تربیت دیتے ہیں۔

☆ آپس میں اکٹھے پڑھنے والے بچّے ہم جماعت کہلاتے ہیں، جو ہمارے اپنے بہن بھائیوں کا سا درجہ رکھتے ہیں۔

☆ ہمیں ہمیشہ اساتذہ کی عزت کرنی چاہیے، کیونکہ:

- ہمارے جسمانی والدین ہمیں آسمان سے زمین پر لاتے ہیں۔
- جبکہ اُساتذہ ہمیں زمین سے آسمان کی بلندیوں پر لے جاتے ہیں۔

☆ ہر مذہب میں اُستاد کو بہت اعلیٰ مقام دیا گیا ہے۔

☆ اساتذہ کی دی ہوئی تعلیم و تربیت ہی بہتر زندگی گزارنے میں مدد دیتی ہے۔



استاد تعلیم دیتے ہوئے

☆ اپنے ہم جماعتوں کی پڑھائی میں مدد کریں۔

☆ اپنے ہم جماعتوں کا احترام بھی بہت ضروری ہے، کیونکہ اس سے دوستی بڑھتی ہے۔

☆ معمولی معمولی باتوں پر جھگڑا نہیں کرنا چاہیے۔

# سچائی

## سچائی کا بول بالا

ندی کنارے ایک لکڑہارا سوکھے درخت کو کلہاڑی سے کاٹ رہا تھا۔ اچانک کلہاڑی اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر ندی میں جا گری۔ لکڑہارے کو بہت افسوس ہوا اور رنجیدگی کے عالم میں وہ خدا کے حضور سجدہ ریز ہو کر گڑ گڑا کر التجا کرنے لگا۔

"خدائے کریم! مجھ غریب کے حال پر رحم فرما، تجھے علم ہے کہ میں سوئی تک تو خرید نہیں سکتا۔ کلہاڑی کیسے خریدوں گا؟ بغیر کلہاڑی لکڑیاں کیسے کاٹوں گا؟ لکڑیاں نہ کاٹیں تو روٹی کہاں سے کھاؤں گا؟ میں اور میرے بچے بھوکے مر جائیں گے۔"

لکڑہارے کی فریاد ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ ندی کی لہروں میں ہلچل پیدا ہوئی۔ لہروں سے ایک فرشتہ نمودار ہوا اور اس نے کہا: "کیا یہ سونے کی کلہاڑی تمہاری ہے؟"

لکڑہارے نے جواب دیا: "جی نہیں! غریب کا اس کلہاڑی سے کیا واسطہ؟"



ایماندار لکڑہارا اور فرشتہ

Web version of PCTB Textbook Not for Sale

جواب سن کر فرشتہ نے ندی کی لہروں میں غوطہ لگایا اور پھر تھوڑی دیر بعد نمودار ہو کر کہنے لگا: ''کیا یہ چاندی کی کلہاڑی تمہاری ہے؟''
لکڑ ہارے نے پھر انکار کر دیا۔ فرشتہ پھر ندی میں غائب ہو گیا۔ تھوڑی دیر بعد نمودار ہو کر کہنے لگا: ''کیا یہ لوہے کی کلہاڑی تمہاری ہے؟''

''ہاں جناب! یہی میری کلہاڑی ہے۔ آپ کی بڑی مہربانی۔''

فرشتہ اس سچائی پر بہت خوش ہوا۔ لوہے کی کلہاڑی لکڑ ہارے کو دیتے ہوئے کہنے لگا: ''یہ سونے اور چاندی کی دونوں کلہاڑیاں بھی تمہیں سچ بولنے پر انعام میں دی جاتی ہیں۔''

### نتیجہ:

ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ سچائی سے فائدہ ہوتا ہے، چاہے ذرا دیر سے ہو۔

### سچ بولنے کی اہمیت:

☆ ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔
☆ سچ بولنے سے ہمیشہ انسان سیدھے راستے پر چلتا ہے۔
☆ سیدھا راستہ ہی نجات کا راستہ ہے۔
☆ جھوٹ کے تو پاؤں نہیں ہوتے لیکن سچائی ہر نیکی کی بنیاد ہوتی ہے۔
☆ ایک جھوٹ بولنے کی وجہ سے کئی اور جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔
☆ سچ نیکی ہے اور جھوٹی بُرائی ہے۔
☆ جو شخص سچ کہتا اور اس پر عمل کرتا ہے اسے سچّا کہتے ہیں۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

طلبہ کو ماں باپ کی خدمت کرنا، اساتذہ کا احترام کرنا اور سچ بولنا کہانیوں کی صورت میں سکھائیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# مشق

1- دُرست جواب کی نشان دہی کریں:

i- بچّوں کو پالتے ہیں:

(الف) رشتہ دار (ب) بہن بھائی

(ج) والدین (د) اساتذہ

ii- استاد کا احترام کرنا فرض ہے:

(الف) شاگردوں پر (ب) پڑوسیوں پر

(ج) عام لوگوں پر (د) دوستوں پر

iii- ماں، باپ، بہن اور بھائی سب مل کر بناتے ہیں:

(الف) معاشرہ (ب) خاندان

(ج) انجمن (د) قبیلہ

iv- لکڑہارے کی کلہاڑی تھی:

(الف) سونے کی (ب) چاندی کی

(ج) پیتل کی (د) لوہے کی

v- سچ نیکی ہے اور جھوٹ ہے:

(الف) اچھائی (ب) بُرائی

(ج) سچائی (د) اندھیرا

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## -2 مختصر جوابات لکھیں:

-i والدین کے حقیقی جانشین کون ہوتے ہیں؟

-ii ہم جماعت سے کیا مراد ہے؟

-iii جھوٹ بولنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

-iv جو شخص سچ بولتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

## -3 تفصیل سے جوابات تحریر کریں:

-i ماں باپ، خاندان اور بہن بھائیوں کا احترام کیوں ضروری ہے؟ بیان کریں۔

-ii اساتذہ کرام کے احترام کی اہمیّت لکھیں۔

-iii سچ بولنے کی اہمیّت بیان کریں۔

-iv سچ کا بول بالا ہوتا ہے، ایک کہانی کی صورت میں لکھیں۔

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

-1 طلبہ ماں باپ، خاندان اور بہن بھائیوں کے احترام پر ایک چارٹ بنائیں اور کمرا جماعت میں لگائیں۔

-2 اساتذہ کرام کے احترام کی اہمیّت پر ایک تقریری مقابلے کا اہتمام کریں۔

-3 سچ کے عنوان پر ایک کہانی لکھیں۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

-1 طلبہ کو ماں باپ، خاندان اور بہن بھائیوں کے احترام کی اہمیّت سے روشناس کرائیں۔

-2 طلبہ کو بتائیں کہ اساتذہ کرام کا احترام کیوں ضروری ہے؟

-3 طلبہ کو سچ بولنے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

باب سوم

# خُدا کے نیک بنُدے

**تدریسی مقاصد**

**اس باب کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ**

1- خُدا کے نیک بندوں سے روشناس ہوسکیں۔
2- شری کرشن بھگوان کے بارے میں معلومات حاصل کرسکیں۔
3- ہندو دھرم میں بھگوت گیتا اور شری کرشن بھگوان کی تعلیمات سیکھ سکیں۔
4- سری گورو نانک صاحب جی کے بارے میں معلومات حاصل کرسکیں۔
5- سری گورو نانک صاحب جی کی تعلیمات بیان کرسکیں۔

## 1- شِری کرشن بھگوان

### جنم:



ماتا دیوکی اور بھگوان کرشن

شری کرشن بھگوان کا جنم مُتھرا شہر میں ہوا جو دریائے جمنا کے کنارے واقع ہے۔ آپ وِشنو بھگوان کے اوتار ہیں۔ سنسکرت میں کرشن کے لفظی معانی سانولے کے ہیں۔ شری کرشن بھگوان کو ایک معلم گردانا جاتا ہے۔ بھگوت گیتا میں کرشن بھگوان کی تعلیمات دی گئی ہیں۔

### والد اور والدہ کا نام:

شری کرشن بھگوان کے پِتا (والد) کا نام واسودیو اور ماتا (والدہ) کا نام دیوکی تھا۔

### پرورش:

اس وقت کے حالات کی وجہ سے شری کرشن بھگوان نے اپنے والد کے دوست نند جی کے گھر پرورش پائی۔ نند بابا جی اور اس کی بیوی ماتا یشودا نے شری کرشن بھگوان کی پرورش کی۔ انھوں نے شری کرشن بھگوان جی کو بڑے پیار سے پالا۔

Version of PCTB Not for Sale



شری کرشن بھگوان

## وجۂ شہرت:

☆ شری کرشن بھگوان جی کی وجۂ شہرت ان کے اچھے خیالات ہیں۔

☆ شری کرشن بھگوان نے دُنیا کو پیار کا سبق دیا۔

☆ آپ نے لوگوں کی اصلاح کی۔

☆ شری کرشن بھگوان مُرلی بجاتے تھے۔

☆ آپ کی شخصیت کا اثر تھا کہ لوگ آپ کے گرویدہ ہو جاتے تھے۔

Web version Not for sale / book



مندر

## بھگوت گیتا (سناتن دھرم کی مذہبی کتاب)

Web version of PCTB
Not for Sale

☆ بھگوت گیتا میں شری کرشن بھگوان کے اشلوک ہیں۔

☆ بھگوت گیتا ایک ایشور کی عبادت/ پوجا کی تعلیم دیتی ہے۔

☆ اس کتاب میں شری ارجن اور شری کرشن بھگوان کے درمیان ہوا مکالمہ تحریر ہے۔

☆ بھگوت گیتا میں ایشور کا تصور بیان کیا گیا ہے۔

☆ دُنیا بار بار پیدا ہوتی اور مٹتی ہے۔

☆ آتما ہمیشہ رہنے والی ہے۔

☆ شری کرشن بھگوان نے ارجن سے کہا کہ ایشور سب کے دلوں میں رہتے ہیں۔

**ہدایت برائے اساتذہ:**

جماعت میں موجود ہندو طلبہ سے اُن کے مذہب کے بارے پوچھیں اور انھیں کہیں کہ وہ سامنے آ کر ساری جماعت کو اپنے مذہب کے بارے میں بتائیں (جو کچھ وہ جانتے ہیں)۔



شری کرشن بھگوان کے تہوار میں شریک ہندو بچے

## علم، فنون اور مہارت:

شری کرشن بھگوان نے بہت سے علوم سیکھے۔ شری کرشن بھگوان دُنیا کے ہر فن ( تیر اندازی، سپاہ گری اور جنگی فنون وغیرہ ) میں مہارت رکھتے تھے۔

## غریبوں اور ناداروں کی مدد:

☆ شری کرشن بھگوان نے ہمیشہ ظلم کو روکنے اور ختم کرنے کی بات کی۔

☆ آپ غریبوں اور ناداروں کی دل کھول کر مدد کرتے تھے۔

Web version of PCTB. Not for Sale

# 2- سری گورونانک صاحب جی

## جنم:

گورونانک صاحب جی نے 14 اپریل 1469ء کوتلونڈی گاؤں (موجودہ ننکانہ صاحب، پنجاب، پاکستان) میں جنم لیا۔

## والدین:

ان کے والدین مہتا کالو (مکمل نام کلیان چند داس بیدی) اور ماتا ترپتا جی ہیں اور کا پیشہ تجارت تھا۔ ان کے والد تلونڈی گاؤں میں فصل کی محصولات کے مقامی پٹواری تھے۔

## ابتدائی تعلیم:

سری گورونانک صاحب جی نے ابتدائی تعلیم تلونڈی میں حاصل کی۔ آپ نے سنسکرت زبان کے ساتھ ساتھ باقاعدہ فارسی زبان بھی سیکھی۔ سری گورونانک صاحب جی سکھ مذہب کے بانی ہیں۔ سکھ مذہب کے پیروکاروں کو سکھ کہا جاتا ہے۔ سکھوں کے مذہبی مقام کو گورودوارہ صاحب جی کہتے ہیں۔

**اہم معلومات:**
سکھوں کی مذہبی کتاب کا نام سری گورو گرنتھ صاحب ہے، اور اِس کی تعلیمات کی پیروی کرتے ہیں۔



سری گورونانک صاحب جی



سکھوں کی عبادت گاہ، ننکانہ صاحب

گورونانک صاحب جی کو "زمانے کا عظیم ترین مذہبی موجد" قرار دیا جاتا ہے۔ انھوں نے دُور دَراز سفر کر کے لوگوں کو ایک خُدا کا پیغام پہنچایا جو اپنی ہر ایک تخلیق میں جلوہ گر ہے اور لازوال حقیقت ہے۔ انھوں نے ایک منفرد روحانی، سماجی اور سیاسی نظام ترتیب دیا جس کی بنیاد مساوات، بھائی چارے، نیکی اور حسن سیرت پر ہے۔ سری گورونانک صاحب جی کا کلام سکھوں کی مقدس کتاب سری گوروگرنتھ صاحب میں براجمان ہے۔

سری گورونانک صاحب جی نے خود کو ایک معلّم کے طور پر منوایا اور ان کی تعلیمات وروایات کو بہت پزیرائی اور فروغ ملا۔ محبت اور خلقِ خدا سے لگاؤ کی بنیادی تعلیم کی وجہ سے بڑی تعداد سری گورونانک صاحب جی کی پیروکار اور عقیدت مند ہے۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

بابا گرونانک کی ایک بہن تھیں، جن کا نام بی بی نانکی تھا۔ وہ ان سے پانچ سال بڑی تھیں۔ جب اُن کی شادی ہوئی اور وہ سلطان پور چلی گئیں۔ سری گورونانک صاحب جی کو اپنی بہن سے بہت پریم تھا چنانچہ وہ بھی اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ رہنے کے لیے سلطان پور جا پہنچے۔ آپ نے دولت خان لودھی کے ماتحت کام کرنا شروع کیا جہاں بی بی نانکی کے شوہر بھی کام کرتے تھے۔



ننکانہ صاحب میں سکھ مذہب کے لوگوں کی آمد

سری گورونانک صاحب فرماتے ہیں:

”نہ کوئی ہندو ہے اور نہ کوئی مسلمان ہے، بلکہ سب صرف انسان ہیں، تو مجھے کس کے راستے پر چلنا چاہیے؟ مجھے خُدا کے راستے پر چلنا چاہیے۔ خُدا نہ ہندو ہے اور نہ مسلمان، اور میں جس راستے پر ہوں، وہ خدا کا راستہ ہے۔“



لنگر کی تیاری

سکھ مذہب کا بنیادی عقیدہ رحم دلی اور امن کا پیغام پھیلانا ہے۔

پاکستان کے ضلع نارووال میں کرتار پور ہی وہ مقام ہے جہاں سکھوں کے پہلے گورو نے اپنی زندگی کے آخری ایّام بسر کیے تھے۔اسی مقام پر ان کی سمادھی اور قبر بھی ہے جو سب کے لیے مقدّس ہے۔آپ نے 22 ستمبر 1539 کو دُنیا سے پردہ کیا۔



گورودوارہ دربار صاحب، کرتار پور، نارووال

## کرتار پور راہداری:

کرتار پور راہداری کے تاریخی افتتاح کے بعد پاکستان میں سکھ برادری جشن منا رہی ہے۔کرتار پور راہداری کی بدولت بھارتی شہری اب بغیر ویزے کے اپنے مقدّس مذہبی مقامات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

# مشق

## 1- درست جواب کی نشان دہی کریں:

i- متھرا شہر واقع ہے:

(الف) دریائے راوی کے کنارے
(ب) دریائے جمنا کے کنارے
(ج) دریائے سندھ کے کنارے
(د) دریائے گنگا کے کنارے

ii- شری کرشن بھگوان کی وجہ شہرت ہے:

(الف) ان کے خیالات
(ب) ان کی اولاد
(ج) ان کی مہارت
(ج) ان کی دولت

iii- شری کرشن بھگوان نے سیکھی:

(الف) خطاطی
(ب) تیراکی
(ج) گھڑسواری
(ج) تیراندازی

iv- سری گورونانک صاحب جی کی پیدائش ہوئی:

(الف) ضلع ننکانہ میں
(ب) ضلع لاہور میں
(ج) ضلع گوجرانوالا میں
(د) ضلع فیصل آباد میں

v- سکھوں کے مذہبی مقام کو کہتے ہیں:

(الف) عبادت گاہ
(ب) گوردوارہ
(ج) مندر
(ج) گرجا گھر

vi- سری گورونانک صاحب جی نے آخری ایام گزارے:

(الف) کرتارپور میں
(ب) گجرات میں
(ج) جالندھر میں
(ج) پانی پت میں

## 2- مختصر جوابات لکھیں:

i- شری کرشن بھگوان کا جنم کہاں ہوا؟

ii- نند جی کون تھے؟

iii- بھگوت گیتا کی تعلیم دیتی ہے؟

iv- سری گورونانک صاحب جی کا جنم کب ہوا؟

Web version of PCTB Textbook Not for Sale

v- سکھوں کی مذہبی کتاب کا نام کیا ہے؟
vi- سری گورونانک صاحب جی کے والدین کون تھے؟

### 3- تفصیل سے جوابات تحریر کریں:

i- شری کرشن بھگوان کی پیدائش کیسے ہوئی؟
ii- بھگوت گیتا کتاب میں کیا تحریر ہے؟ بیان کریں۔
iii- شری کرشن بھگوان نے کن علوم میں مہارت حاصل کی؟
iv- سری گورونانک صاحب جی صاحب کو ایک معلّم کے طور پر بیان کریں۔
v- سری گورونانک صاحب جی کی تعلیمات تحریر کریں۔
vi- سری گورونانک صاحب جی نے زندگی کے آخری دن کہاں گزارے؟

## سرگرمی برائے طلبہ:

1- طلبہ مختلف گروپ بنا کر شری کرشن بھگوان کی تعلیمات پر چند جملے لکھیں۔ اس کے بعد تمام تعلیمات کو ملا کر چارٹ کی صورت میں لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں، اگر ممکن ہو تو ہندو دھرم کی معروف شخصیت کو بلا کر بچوں سے بات چیت کی دعوت دیں۔
2- طلبہ مختلف گروپ بنا کر سری گورونانک صاحب جی کی تعلیمات ایک چارٹ کی صورت میں لکھیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

Web version of PCTB Textbook Not for Sale

## اساتذہ کے لیے ہدایات:

1- طلبہ کو شری کرشن بھگوان کی تعلیمات سے آگاہ کریں۔
2- طلبہ کو سری گورونانک صاحب جی کی تعلیمات سے آگاہ کریں۔
3- طلبہ کو سری گورونانک صاحب جی کی زندگی کے بارے میں بتائیں۔

# فرہنگ

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| خالق | پیدا کرنے والا | دھیمی | آہستہ |
| بانی | بنیاد رکھنے والا | شعور | عقل |
| رجحان | میلان، جھکاؤ | آگاہی | واقفیت |
| فانی | ہمیشہ نہ رہنے والی | نجات دہندہ | نجات دلانے والا |
| تقویٰ | پرہیزگاری، بچ بچ کے چلنا | مصلوب | صلیب پر چڑھایا گیا |
| ہستی | شخصیت/ذات | نمودار ہونا | ظاہر ہونا |
| پیروی کرنا | ماننا/ پیچھے چلنا | جانشین | نائب |
| مانند | کی طرح | مؤدب | ادب کرنے والا |
| ایمان داری | ایمان کے ساتھ، حق سچ بولنا | بے خوف | ڈر کے بغیر |
| سچائی | سچ بولنا | صلہ | بدلہ |
| بعثت | پیغمبر بنا کر بھیجنے کا عمل/ رسالت | صادق | سچا |
| امین | امانت دار | | |

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# کتابیات


1- بائبل مقدس، پاکستان بائبل سوسائٹی، لاہور

2- کلامِ مقدس، کاتھولک بائبل کمیشن، لاہور

3- احمد عبداللہ، مذاہب عالم، کراچی

4- خان محمد چاولہ، فلسفہ اور اسلام، علمی کتب خانہ، لاہور

5- عمادالحسن فاروقی، دُنیا کے بڑے مذاہب، لاہور

6- لوئیس مور، (مترجم: یاسر جواد، سعدیہ جواد)، مذاہب عالم کا انسائیکلو پیڈیا، نگارشات، لاہور۔



# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد    کِشورِ حسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان    ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد
پاک سَرزمین کا نِظام    قُوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت    پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد
پَرچمِ ستارہ و ہِلال    رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال    جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور